# 02-12-2024 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

سرخیاں

۱۔ ہیلتھ فیسٹول کے حصہ کے تحت وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے 213 نئی ایمبولنس گاڑیوں کو جھنڈی دکھانے کے علاوہ ورچول طریقہ سے 16 نرسنگ کالجس، 28 پیرامیڈیکل کالجس اور 32 ٹرانس جنڈر کلینکس کا افتتاح کیا۔

۲۔ پارلیمنٹ کے رواں سرمائی اجلاس کے دوران جاری تعطل کو ختم کرنے کی کوشش میں لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے آج دوپہر پارلیمنٹ ہاؤس میں مختلف سیاسی جماعتوں کے فلور لیڈرس کے ساتھ ایک میٹنگ منعقد کی۔

۳۔ ریاستی آئی ٹی وزیر سریدھر بابو نے تلگو یونیورسٹی کے طلبہ پر زور دیا کہ اپنی صلاحیتوں کو مزید بہتر بنانے کے لئے اے آئی کا استعمال کریں۔

اور

۴۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ ملک کے ریونیو سرویس آفیسرس، یکساں ٹیکس نظام کے ذریعہ معیشت سے وابستہ ہیں اور تنظیمی اقدار کو باٹتے ہیں۔

○○

ریاستی آئی ٹی وزیر سری دھر بابو نے آج سری راملو تلگو یونیورسٹی کے طلبہ پر زور دیا کہ اپنی صلاحیتوں کو بہتر بنانے کے لئے اے آئی کا استعمال کریں۔ باچو پلی میں یونیورسٹی کے نئے کیمپس کے تعمیری کاموں کا افتتاح کرنے کے بعد انہوں نے یہ بات کہی۔ یہ افتتاح ایسے وقت کیا گیا جب یونیورسٹی کا یوم تاسیس بھی منایا جارہا ہے۔ وزیر نے اعلان کیا کہ طلبہ کی صلاحیتوں کو ابھارنے کے لئے یونیورسٹی کو 100 کمپیوٹرس فراہم کئے جائیں گے۔ سریدھر بابو نے طلبہ سے کہا کہ اپنی ڈگری کی تکمیل سے پہلے اپنے کسی پسندیدہ شعبہ میں بھرپور مہارت حاصل کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ریاستی حکومت نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لئے پُرعزم ہے۔ آئی ٹی وزیر نے اِس موقع پر صنعتکار وراپرسا د ریڈی کو خصوصی ایوارڈ پیش کیا جنھوں نے یونیورسٹی کی ترقی کے لئے اپنی جانب سے ایک کروڑ روپے بطورِ عطیہ دیا ہے۔ مذکورہ نیا کیمپس باچو پلی میں 35 کروڑ روپے کی لاگت سے ایک ہزار ایکر اراضی پر تعمیر کیا جائے گا۔

○○

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ ملک کے ریونیو سرویس آفیسرس، یکساں ٹیکس نظام کے ذریعہ معیشت سے وابستہ ہیں اور تنظیمی اقدار کو باٹتے ہیں۔ راشٹر پتی بھون میں آج عہدیداروں سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ان کی خدمات ملک کے ٹیکس کے شعبہ میں یکسانیت کو فروغ دیتی ہے۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ مرکزی حکومت، بزنس اور مختلف ریاستوں کے ٹیکس اڈمنسٹریشن کے درمیان آئی آر ایس آفیسرس اہم رابطہ رکھتے ہیں۔ مرمو نے کہا کہ دنیا بھر میں سماجی و معاشی صورتحال میں تبدیلی کے دوران قومی مفاد کا ایجنڈہ بڑے پیمانے پر عالمی اقتصادی تعاون ہے۔ صدر جمہوریہ نے مزید کہا کہ آئی آر ایس آفیسرس، ملک کی معاشی سرحدوں کے نگہبان ہیں۔

○○

ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام میزائل کمپلیکس، ڈی آر ڈی ایل حیدرآباد کے غیر معمولی سائنسدان جٹریت جوشی نے ڈائرکٹر جنرل برہموس کی حیثیت سے کل عہدہ کا جائزہ حاصل کرلیا۔انہوں نے تکنیکی میزائل سسٹم اوراس کے ڈیزائن وڈیولپمنٹ میں اہم رول ادا کیا ہے۔اپنی ان خدمات کے عوض جوشی کوکئی اعزازات سے نوازا گیا ہے جس میں سال کے بہترین سائنسدان کا ایوارڈ، بھارت رتن، سرمکشا گنڈم ویشویشوراایوارڈ شامل ہے۔

○○

وزیدو کے سب انسپکٹر پولیس آر ہریش نے آج صبح کی اولین ساعتوں میں ضلع ملگو میں پے رور کے قریب واقع ایک خانگی ریسارٹ میں خودکشی کرلی۔ذرائع کے مطابق ایس آئی، اتوارکوشب دیر گئے ریسارٹ پہنچے تھےاور وہاں ایک کمرے میں مقیم تھے۔پولیس نے شبہ ظاہر کیا ہے کہ خودکشی کی وجہ شخصی وجوہات ہوسکتے ہیں۔تاہم خودکشی کی اصل وجہ کا علم ہنوزنہیں ہوپایا ہے۔ضلع جے شنکر بھوپال پلی کے متوطن ہریش، گزشتہ چند ماہ سے وزیدواسٹیشن میں ایس آئی کی حیثیت سے خدمات انجام دے رہے تھے۔

○○

حیات نگر پولیس اسٹیشن سے تعلق رکھنے والی ایک کانسٹیبل کا آج صبح حیدرآباد کے قریب واقع ابراہیم پٹنم میں قتل کردیا گیا۔پولیس نے مقتول کی شناخت 26 سالہ کے ناگمنی کی حیثیت سے کی ہے، جن کا تعلق 2020ء کے بیاچ سے تھا۔ پولیس نے کہا کہ ناگمنی کے بھائی پرمیش نے مبینہ طور پر اپنی کار سے ان کی ٹووہیلر گاڑی کوٹکر دی تھی۔تقریباً 6 سال پہلے ناگمنی نے ارینج میرج کی تھی، تاہم انہوں نے طلاق کے لئے درخواست دی تھی اورکسی اورشخص کے ساتھ لومیریج کرلی تھی۔پولیس نے یہ بات بتائی۔اراضی کے ایک معاملہ پران کے خاندان میں جھگڑا ہوگیا تھا جبکہ ناگمنی کا بھائی اس بات پرزور دے رہا تھا کہ انہوں نے چونکہ بھائی کی مرضی کے خلاف دوسری شادی کرلی لہٰذا جائیداد سے دستبردار ہوجائے۔

○○

بی جے پی کی جانب سے آج حیدرآباد کے علاقہ اپل میں ایک بڑی ریالی نکالی گئی اورغریبوں کے لئے فوری راشن کارڈ جاری کرنے کا مطالبہ کیا گیا۔اس موقع پرخطاب کرتے ہوئے پارٹی کے ریاستی نائب صدروسابق اپل ایم ایل اے پربھاکر نے راشن کارڈس کی اجرائی میں تاخیر پر ریاستی حکومت کوتنقید کا نشانہ بنایااور کہا کہ ریاست میں کانگریس کے اقتدار میں آنے کے بعدکسی بھی وعدہ کو پورانہیں کیا گیا۔اِس احتجاج میں بی جے پی کے سینکڑوں کارکنوں نے حصہ لیا جوسیول سپلائز کے دفتر کے سامنے کیا گیا تھا۔

○○

ریاستی حکومت نے تمام زمرے کے سرکاری ملازمین کی دورانِ ملازمت موت واقع ہونے کی صورت میں دی جانے والی رقم میں اضافہ کرتے ہوئے 20 ہزار سے بڑھا کر 30 ہزارروپے کردئے ہیں۔اس سلسلہ میں آج احکام جاری کئے گئے۔اس رقم میں اضافہ کا فیصلہ پہلے پے رویژن کمیشن برائے تلنگانہ کی سفارشات کی بنیاد پر کیا گیا ہے۔حکومت کی جانب سے جاری کردہ ایک بیان کے مطابق اسی مالی سال کے دوران اس فیصلہ پرعمل کرنا ہوگا۔

○○

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج ضلع سدی پیٹ میں واقع بنڈ تما پور فوڈ پارک میں کوکا کولا کے نئے گرین فیلڈ پلانٹ کا افتتاح کیا۔ وزرا سریدھر بھابو، کونڈا سریکھا اور پونم پربھاکر بھی اس موقع پر موجود تھے۔ یہ پلانٹ، ہندوستان بوریجس کی جانب سے قائم کیا گیا ہے جو کوکا کولا اور تھمسب جیسی مشہور مشروبات تیار کرتی ہے۔ یہ پلانٹ ایک ہزار کروڑ روپے کی سرمایہ کاری سے قائم کیا گیا ہے۔ اس پلانٹ سے تقریباً 400 روزگار کے مواقع پیدا ہوئے ہیں جس سے مقامی معیشت مستحکم ہوگی۔

○○

پارلیمنٹ کے رواں سرمائی اجلاس کے دوران جاری تعطل کو ختم کرنے کی کوشش میں لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے آج دوپہر پارلیمنٹ ہاؤس میں مختلف سیاسی جماعتوں کے فلور لیڈرس کے ساتھ ایک میٹنگ منعقد کی۔ اس میٹنگ کے دوران برلا نے تمام ارکان سے خواہش کی کہ ایوان کی کارروائی کو عمدگی سے چلائیں۔ لیڈرس نے لوک سبھا کی کارروائی کو عمدگی سے چلانے سے اتفاق کیا۔ اس میٹنگ میں کانگریس کے گوروگوگوئی، ٹی ایم سی کے کلیان بنرجی، تلگودیشم کے کرشنا دیوارایالو، ڈی ایم کے، کے آر بالو، این سی پی کی سپریا سولے، سماج وادی پارٹی کے دھرمیندر یادو، جے ڈی یو کے دلیشور کامت، آر جے ڈی کے ابھئے خوشواہا، شیوسینا یو بی ٹی کے اروند ساونت اور رادھا کرشنن نے شرکت کی۔ بعدازاں پارلیمنٹ کے باہر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے پارلیمانی امور کے وزیر کرن رججو نے کہا کہ لوک سبھا میں اس ماہ کی 13 اور 14 تاریخ کو دستور کے موضوع پر خصوصی مباحث ہوں گے جبکہ اسی موضوع پر راجیہ سبھا میں 16 اور 17 دمبر کو مباحث ہوں گے۔

○○

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی زیرقیادت ریاست میں کانگریس حکومت کے ایک سال کی تکمیل پر آج شام حیدرآباد میں نکلس روڈ پر واقع این ٹی آر مارک پر صحت تقاریب کا آغاز ہوا۔ اِس موقع پر ریونت ریڈی 213 نئی ایمبولس گاڑیوں کو جھنڈی دکھائی اور ورچول طریقہ سے 16 نرسنگ کالجس، 28 ہیلتھ کیر کالجس اور 32 ٹرانس جنڈر کلینکس کا بھی افتتاح کیا۔ بعدازاں سی ایم، 442 سیول اسسٹنٹ سرجنس اور 24 فوڈ سیفٹی آفیسرس کو تقررنامے حوالے کئے۔ اس موقع پر نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ، وزرا پونم پربھاکر، داموھر نرسمہا اور سری دھر بابو بھی موجود تھے۔

○○

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے حیدرآباد میں لیک ویو گیسٹ ہاؤس کے قریب سیلاب سے بچاؤ کے لئے بنائے جانے والے بارش کے پانی کے سمپ کے کاموں کا معائنہ کیا۔ انہوں نے عہدیداروں کو سیلاب سے بچاؤ کے اقدامات کے تعلق سے مختلف ہدایات دیں اور کہا کہ اگر شہر کی سڑکوں پر بارش کے دوران جمع ہوئے پانی کی نکاسی کے نظام کو بہتر بنائے جائے تو موسم برسات میں ٹریفک کے مسئلہ کو بڑی حد تک حل کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے عہدیداروں کو بارش کے پانی کے سمپس کے ڈیزائن کو تبدیل کرنے کا مشورہ دیا۔ اس موقع پر وزیر پونم پربھاکر، خیریت آباد ایم ایل اے ناگیندر، بلدیہ کے پرنسپل سکریٹری دانا کشور اور دوسرے عہدیدار موجود تھے۔